اس بات کو سمجھنا کہ آپ کی معلومات کو کس طرح شیئر اور ریکارڈ کیا جاتا ہے

جب آپ ایک ریفرل مکمل کرنے اور اس پر اتفاق کرنے کے لیے اپنے بچے کے اسکول کے ساتھ کام کرتے ہیں تو یہ معلومات ابتدائی مدد، تعلیم اور صحت سے تعلق رکھنے والے پیشہ ور افراد کے ایک بنیادی گروپ کے ساتھ شیئر کی جاتی ہیں۔ وہ ایک ساتھ کام کر کے تعاون کے بہترین پیکیج کو شناخت کریں گے اور ہر تنظیم کے پاس جو کوئی اضافی متعلقہ معلومات ہو سکتی ہیں ان کے مدنظر وہ اپنے ریکارڈوں کو چیک کریں گے اور TAS میٹنگ میں اسے شیئر کریں گے۔

آپ اور آپ کی فیملی کےساتھ کام کی رہبری کرنے والی سروس ہمیشہ اس امر پر گفتگو کرے گی کہ آپ کی معلومات کو کس طرح اسٹور اور استعمال کیا جا رہا ہے، اور وہ اپنی رازداری کے نوٹس تک آپ کو رسائی فراہم کریں گے۔

TAS کے حصے کے بطور کام کرنے والی تمام سروسز نے ڈیٹا پروٹیکشن ایکٹ 1998 کی تعمیل کرنے کے لیے ڈیٹا کی سیکیورٹی اور حفاظت کے لیے سخت اقدامات نافذ کیے ہیں۔

میٹنگ میں شیئر کردہ اور متفقہ مشورہ، رہنمائی اور کارروائیوں سے متعلق نوٹس میٹنگ کے بعد ہر پارٹنر کے ریکارڈنگ سسٹم میں اسٹور کی جائیں گی۔ آپ کے فیملی پلان کی تفصیلات کو بھی ریکارڈ اور اپ ڈیٹ کیا جائے گا۔



ہماری رازداری کی پالیسی کی ایک کاپی اس پتے پر دستیاب ہے www.wakefieldfamiliestogether.co.uk/privacy-policy

WAKEFIELD FAMILIES TOGETHER
happy, healthy, safe

فیملی ہبز اور ٹیم اراؤنڈ دی اسکول (Team around the School, TAS)

کنبہ جاتی زندگی کے مطالبوں پر قابو پانا آپ کو مشکل معلوم ہونے پر مدد اور تعاون کے لیے مقامی رسائی۔

والدین اور نگراں کے لیے معلوماتی رہنما

آپ جن شعبوں میں مدد لینا پسند کریں گے ان پر بات کرنے کے لیے آپ کے بچے کا اسکول آپ کا اولین رابطہ کا مقام ہوگا۔ وہ آپ کے ساتھ ایک ریفرل فارم مکمل کریں گے۔

یہ فارم ابتدائی مدد، تعلیم اور صحت سے تعلق رکھنے والے پیشہ ور افراد – نیز کام کے مخصوص شعبے میں تخصیص رکھنے والے پیشہ ور افراد – کے ایک بنیادی گروپ کے ساتھ شیئر کیا جائے گا جو اس کے بعد ایک ساتھ کام کر کے آپ اور آپ کی فیملی کے لیے تعاون کا ایک بہترین پیکیج شناخت کریں گے۔



آپ کے ساتھ فیملی کا ایک امدادی منصوبہ تیار کیا جائے گا۔ اس سے طے ہوگا کہ تعاون کے جن مختلف شعبوں میں آپ نے مدد طلب کی ہے ان میں کون آپ کے ساتھ کام کیا کرے گا۔ اس میں آپ کے واقف کار لوگوں کی طرف سے تعاون کا ایک نیٹ ورک بنانا، اجتماعی سرگرمی یا 1:1 سیشن کے حصے کے بطور کسی مداخلتی پروگرام میں حاضر ہونا، یا آپ کی مقامی کمیونٹی میں فیملی کے بطور سرگرمیوں اور ایونٹس میں حاضر ہونا شامل ہے۔

اگر کسی مرحلے پر، آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو اب یہ تعاون درکار نہیں ہے یا اس کی خواہش نہیں ہے تو آپ اپنے بچے کے اسکول یا مقامی فیملی ہب سے بات کر کے دستیاب تعاون سے دستبردار ہو سکتے ہیں۔

اس کے بعد آپ کے بچے کا اسکول...

- مختلف پارٹنر سروسز سے دستیاب تعاون کے اختیارات کی وضاحت کرے گا
- آپ جس تعاون تک رسائی حاصل کرنا چاہیں گے اس پر آپ کے ساتھ اتفاق کرے گا
- سروسز کے ساتھ لنکس بنانے میں آپ کا تعاون کرنے گا جو آپ اور آپ کی فیملی کے ساتھ ہونے والے کام کی رہبری کریں گے

فیملی ہبز ون اسٹاپ شاپ ہیں جہاں والدین، نگراں اور نوجوان افراد پوری فیملی کے لیے تعاون تک رسائی حاصل کرنے کے لیے تشریف لے جا سکتے ہیں، ای میل یا ٹیلیفون کر سکتے ہیں۔

آپ اپنا قریب ترین فیملی ہب درج ذیل کو ملاحظہ کر کے پتہ کر سکتے ہیں:
www.wakefieldfamiliestogether.co.uk

آپ اپنے بچے کے اسکول سے ابتدائی مدد کی گزارش اور 'ٹیم اراؤنڈ دی اسکول' (TAS) کی میٹنگ کی درخواست بھی کر سکتے ہیں۔

TAS فیملیز کی ابتدائی مدد کے لیے ایک پیشکش بھی ہے جو کنبہ جاتی زندگی کے مطالبوں پر قابو پانا آپ کو مشکل معلوم پڑنے پر تعاون تک رسائی حاصل کرنے میں آپ کی مدد کے لیے پیشہ ور افراد کی ٹیم کو ایک ساتھ مجتمع کرتی ہے۔

یہ درج ذیل کے بارے میں فکرمندیاں ہو سکتی ہیں...

- رہائش میں تعاون
- جذباتی صحت اور بہبود
- نشہ اور/یا الکحل کا غلط استعمال
- صحت کی تشویشات
- فیملی کے معمولات اور/یا بچےکی نشوونما، نیند، یا اسکول جانا
- والدین کے رشتے اور/یا بچے سے والدین کے رشتے
- روپے کا نظم کرنا اور حدود طے کرنا
- پیسے کی فکرمندیاں
- گویائی اور لسانی نشوونما
- پرورش کرنا